PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

انضمام الحق قومی سلیکشن کمیٹی کے سربراہ مقرر

لاہور 7 اگست، 2023:

1992 کے عالمی کپ کی فاتح ٹیم کے کھلاڑی اور سابق کپتان انضمام الحق کو پاکستان کرکٹ بورڈ نے قومی سلیکشن کمیٹی کا سربراہ مقرر کردیا ہے۔

پاکستان کرکٹ بورڈ نے پیر کے روز اعلان کیا ہے کہ انضمام الحق مینز سلیکشن کمیٹی کے چیف سلیکٹر ہونگے اور اس کمیٹی میں ٹیم ڈائریکٹر مکی آرتھر۔ ہیڈ کوچ گرانٹ بریڈبرن اور حسن چیمہ سیکریٹری شامل ہونگے۔

یہ سلیکشن کمیٹی پاکستان کی قومی کرکٹ ٹیم اور پاکستان شاہینز کا سلیکشن کرے گی۔

چیف سلیکٹر کی حیثیت سے تقرری کے باعث انضمام الحق پاکستان کرکٹ بورڈ کی کرکٹ ٹیکنیکل کمیٹی سے دستبردار ہوگئے ہیں اور ان کے متبادل کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔

انضمام الحق کا پہلا اسائنمنٹ افغانستان کے خلاف تین ون ڈے انٹرنیشنل میچوں کی سیریز کے لیے پاکستانی ٹیم کا انتخاب ہوگا۔ یہ سیریز 22 سے 26 اگست تک سری لنکا میں کھیلی جائے گی جس کے بعد وہ ایشیا کپ اور ورلڈ کپ کے لیے پاکستانی

ٹیم کا سلیکشن کریں گے۔ ایشیا کپ کا آغاز 30 اگست کو ہو گا جبکہ ورلڈ کپ 5 اکتوبر سے 19 نومبر تک انڈیا میں کھیلا جائے گا۔

53 سالہ انضمام الحق نے اس سے قبل بھی اگست 2016ء سے جولائی 2019 تک پاکستان کرکٹ بورڈ کی قومی سلیکشن کمیٹی کے سربراہ کی حیثیت سے ذمہ داریاں نبھائی تھیں۔ ان کی منتخب کردہ پاکستانی ٹیم نے جون 2017ء میں آئی سی سی چیمپیئنز ٹرافی جیتی تھی جس کے فائنل میں اس نے انڈیا کو 180 رنز سے ہرایا تھا۔

انضمام الحق کا چیف سلیکٹر بنائے جانے پر کہنا ہے کہ یہ ان کے لیے اعزاز ہے۔ وہ اس سلسلے میں ذکا اشرف کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے اس عہدے کے لیے انہیں پیشکش کی۔ یہ خوشی کی بات ہے کہ ذکا اشرف کرکٹ کے معاملات میں سابق کرکٹرز کو شامل کر رہے ہیں جس کی جھلک ہم کرکٹ ٹیکنیکل کمیٹی میں دیکھ چکے ہیں۔

انضمام الحق کا کہنا ہے کہ وہ اس سے قبل بھی یہ ذمہ داری نبھا چکے ہیں اور اور دوبارہ اس کے لیے پرجوش ہیں۔

انضمام الحق کا کہنا ہے کہ ان کا پچھلا دور اچھا رہا تھا جس میں ہم نے چیمپیئنز ٹرافی جیتی تھی لیکن سب سے اہم بات یہ ہے کہ ستر سے اسی فیصد کرکٹرز جو اس وقت سلیکٹ کیے گئے تھے آج کی ٹیموں کا اہم حصہ ہیں۔

انضمام الحق کا کہنا ہے کہ اسوقت کی ٹیم تشکیل نو کے مرحلے میں تھی لیکن اب ٹیم مستحکم شکل میں ہے اور انہیں پہلے جیسے چیلنجز کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔

انضمام الحق کا کہنا ہے کہ پاکستان میں سلیکشن کمیٹی کا سربراہ ہونا ایک مشکل کام ہے لیکن اس بار یہ اس لیے زیادہ چیلنجنگ ہے کہ اس سال ایشیا کپ۔ ورلڈ کپ اور آسٹریلیا کا دورہ شامل ہیں لیکن مجھے پتہ ہے کہ میں یہ ذمہ داری نبھا سکتا ہوں اور

وہ پہلے سے زیادہ بہتر انداز میں اسے نبھانے کی کوشش کریں گے۔ وقت کم ہونے کے باوجود ہم بہترین ٹیموں کا انتخاب کریں گے۔

پاکستان کرکٹ بورڈ کی منیجمنٹ کمیٹی کے سربراہ ذکا اشرف کا کہنا ہے کہ انہیں خوشی ہے کہ انضمام الحق نے ان کی پیشکش قبول کرتے ہوئے چیف سلیکٹر بننا قبول کیا۔ وہ ایک لیجنڈ ہیں اور انہوں نے بڑے باوقار انداز میں اس کھیل کی خدمت کی ہے۔ ان کا پچھلا دور کامیاب رہا تھا جس میں ہم نہ صرف چیمپئنز ٹرافی جیتے تھے بلکہ چند بہترین ٹیلنٹ بھی سامنے آئے تھے جو ابھی تک پاکستان کرکٹ کی خدمت کررہے ہیں۔

ذکا اشرف کا کہنا ہے کہ انہیں کوئی شک وشبہ نہیں ہے کہ انضمام الحق کی نئی اننگز میں نہ صرف مزید کامیابیاں حاصل ہونگی بلکہ نیا ٹیلنٹ بھی سامنے آئے گا۔

-END-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk